نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیو اسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کے شعبہ اصلاح آبپاشی کے ورلڈ بینک کے پراجیکٹ کے تحت تعینات سابق ملازمین سے کامیاب مذاکرات۔

لاہور22جولائی2024: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے شعبہ اصلاح آبپاشی میں ورلڈ بینک کے پراجیکٹ کے تحت بھرتی ہونے والے 750 ملازمین (جن کے ملازمت کی معیادِ مدت 30 جون 2024 کو ختم ہو چکی ہے) کا احتجاج ختم کرانے کیلئے کامیاب مذاکرات کئے اور تمام ملازمین نے صوبائی وزیر زراعت ولائیو اسٹاک کی یقین دہانی پر اپنا احتجاج ختم کر دیا ہے۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت ولائیو اسٹاک پنجاب نے کہا کہ موجودہ حکومت ٹیلنٹ کی قدردان ہے اور اصلاح آبپاشی کے سلسلہ میں آپ کو خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ تمام ملازمین کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا اور قانون کے مطابق ان کو روزگار کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔اس ضمن میں میری ہدایات پر محکمہ زراعت نے نئے منصوبہ میں ایڈجسٹمنٹ کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب کو سمری ارسال کر دی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ محکمہ آپ کے ساتھ کھڑا ہے اور آپ کو ملازمت کے مواقع قانون کے مطابق دیئے جائیں گے اور کسی سے حق تلفی وزیادتی نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر اسپشل سیکرٹری زراعت پنجاب شہنشاہ فیصل عظیم،ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی پنجاب ملک محمد اکرم اور ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆